سوال

(879) والد کو دیکھا کہ وہ میرے گلے کے ساتھ لگ کر رو رہا ہے

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

خواب یہ ہے کہ ایک لڑکا جس کا نام محمد ہے اور اس کے والد صاحب وفات پاچکے ہیں۔

محمد نے خواب میں اپنے والد کو دیکھا کہ وہ میرے گلے کے ساتھ لگ کر رو رہا ہے۔ اور کچا گوشت اس کے ساتھ ہے۔ جس کو اس نے میرے سامنے رکھ دیا۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

خواب دیکھنے والے محمد صاحب کے والد غیبت و نمیمہ کے عادی تھے اس لیے محمد کو چاہیے کہ حسب استطاعت و توفیق والد کی طرف سے صدقہ کرے، ان کے لیے استغفار و دعاء کرے اور اگر اسے معلوم ہو تو نام لے کر ورنہ نام لیے بغیر ان سب کے لیے استغفار و دعاء کرے جن کی ان کے والد غیبت کیا کرتے تھے۔ ۱۴۲۳،۸،۲۹ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد 02 ص 822

محدث فتویٰ